**A**

**CCE RR/PR/PF/**
**NSR/NSPR**
**FULL SYLLABUS**

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,
ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**
**MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003**

**ಆಗಸ್ಟ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-3**
**AUGUST 2024 EXAMINATION-3**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **Code No. : 12-U**

ವಿಷಯ : **ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)

**(Regular Repeater / Private Repeater / Private Fresh / NSR / NSPR)**

**ದಿನಾಂಕ : 02. 08. 2024 ]** **[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**Date : 02. 08. 2024 ]** **[ Max. Marks : 100**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کرکے لکھئے : **6 x 1 = 6** | **I.** |
| | معنی کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔<br>(A) دو (B) تین<br>(C) چار (D) پانچ | 1. |
| 1 | جواب : (A) دو | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 2. | جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو وہ جملہ کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب | |
| | (C) جملۂ اسمیہ (D) جملۂ فعلیہ | |
| | جواب : (C) جملۂ اسمیہ | 1 |
| 3. | ''سمجھ کر پڑھا کرو، ورنہ فیل ہو جاؤ گے۔'' قواعد کے لحاظ سے یہ جملہ کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) سببی (B) تردیدی | |
| | (C) وصلی (D) استدراکی | |
| | جواب : (B) تردیدی | 1 |
| 4. | کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا روایت کی طرف اشارہ کرنا کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) صنعتِ طباق (B) صنعتِ استعارہ | |
| | (C) صنعتِ تکرار (D) صنعتِ تلمیح | |
| | جواب : (D) صنعتِ تلمیح | 1 |
| 5. | صنعتِ تضّاد کا ایک اور نام ہے۔ | |
| | (A) صنعتِ طباخ (B) صنعتِ تباق | |
| | (C) صنعتِ طباق (D) صنعتِ اتباع | |
| | جواب : (C) صنعتِ طباق | 1 |
| 6. | غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) مقطع (B) مطلع | |
| | (C) بیتُ الغزل (D) حُسنِ مطلع | |
| | جواب : (A) مقطع | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **4 × 1 = 4** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : | **II.** |
| | آغاز : انجام :: آقا : ......... | 7. |
| 1 | جواب : غلام | |
| | قول : کہی ہوئی بات :: خول : ......... | 8. |
| 1 | جواب : چھلکا | |
| | بےوفا : سابقہ :: وفادار : ......... | 9. |
| 1 | جواب : لاحقہ | |
| | زہاد : زاہد :: محافل : ......... | 10. |
| 1 | جواب : محفل | |
| | **7 × 1 = 7** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | **III.** |
| | اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟ | 11. |
| 1 | جواب : اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت جیلانی بانو سے دریافت کی۔ | |
| | ہر فرد اور ہر قوم کی پیدائشی حق کیا ہے ؟ | 12. |
| 1 | جواب : آزاد رہنا ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق ہے۔ | |
| | الیکشن کی کونسی میٹنگ باقی تھی ؟ | 13. |
| 1 | جواب : الیکشن کی آخری میٹنگ باقی تھی۔ | |
| | زعفران کی بے قدری کے متعلق کونسی کہاوت مشہور ہے ؟ | 14. |
| 1 | جواب : زعفران کی بے قدری کے متعلق ''گدھا کیا جانے زعفران کی قدر'' یہ کہاوت مشہور ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .15 | اخلاق کے موتی کس نے برسائے ؟ | |
| | جواب : اخلاق کے موتی حضور اکرم ﷺ نے برسائے۔ | 1 |
| .16 | نظم رشوت میں جوشؔ ملیح آبادی نے اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہے ہیں ؟ | |
| | جواب : نظم ''رشوت'' میں جوشؔ ملیح آبادی اپنی بستی کو ''ناصحوں'' کا پاگل خانہ کہہ رہے ہیں۔ | 1 |
| .17 | شاعر دلاور فگارؔ کے مطابق مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟ | |
| | جواب : شاعر دلاور فگار کے مطابق مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل خود انسان ہے۔ | 1 |
| **IV.** | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 20 = 2 × 10** | |
| .18 | نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کِیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے صبح کی نماز پڑھی۔ | 1 |
| | ☆ اور منٰی سے روانہ ہوئے، عرفات آ کر ٹھہرے۔ | 1 |
| .19 | غلام اور خدام کے حُسن سُلوک کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ | 1 |
| | ☆ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ | 1 |
| .20 | بدایوں پہلے کیسا شہر تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ جو بدایوں مصنفہ نے دیکھا اور جتنا بھی دیکھا تھا اس میں قدامت پسندی تھی۔ | 1 |
| | ☆ بے لچک اُصولوں کی پابندی تھی اور ایک طرح کی بے ساختہ سی خود ساختگی تھی۔ | 1 |
| | ☆ بدایوں شہر ایک زمانہ میں ثقافت کا مرکز رہا تھا۔ | |
| | ( کوئی دو نکات لکھنے پر پورے نمبرات دیئے جائیں ) | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پطرس بخاری کا پورا نام کیا ہے اور ان کا روزانہ جاگنے کا معمول کیا تھا ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ پطرس بخاری کا پورا نام سید احمد شاہ بخاری اور | |
| 1 | ☆ روزانہ جاگنے کا وقت دس بجے تھا۔ | |
| | دُنیا کے کون کونسے مما لک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ دُنیا کے گنے چنے مما لک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ ایران، اسپین، فرانس، برطانیہ، مراقش اور ہندوستان کی ریاست جموں وکشمیر اس کی کاشت کے لئے مشہور ہے۔ | |
| | بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ بہار کے آنے سے چڑیاں خوش ہوکر ہر طرف اتراتی پھرتی ہیں۔ | |
| 1 | ☆ ہوا ناچتی پھرتی ہے اور چڑیاں گاتی پھرتی ہیں۔ | |
| | حضرت اِمام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت اِمام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی شور مچ گیا کہ شہ اِمام جنگ کو نکل پڑے۔ | |
| 1 | ☆ تمام لوگ رونے لگے۔ شہر بانو اِمام حسینؓ کے قدموں سے لپٹی ہوئی تھیں۔ | |
| | ☆ بکھرے ہوئے بال پریشان، گھر میں اِمام حُسینؓ کے ساتھ ساتھ گھوم رہی تھیں۔ | |
| | ☆ بچی سکینہؓ اپنے والد کے پٹکے (کمر بند) کو ہاتھوں سے پکڑے ہوئے تھیں۔ | |
| | (کوئی دو نکات لکھنے پر تمام نمبرات دئے جائیں) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | نسلِ آدم کواللہ نے آزادی دی مگر زمینی لکیروں (سرحدوں) سے اس کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟ | .25 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ انسان نے کئی آڑی، ترچھی لکیروں کی شکل میں سرحدوں کو بنا کر۔ | |
| 1 | ☆ خود اپنے ہاتھوں بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔ | |
| | دلاور فگاؔر نے نظم "مچھر کا الٹی میٹم" کے آخری شعر میں کیا کہا ہے ؟ | .26 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ آخری شعر میں "دلاور فگاؔر" طنزیہ انداز میں کہہ رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اگر سیٹھ جی تیرے خون پسینے کی کمائی چھین لے تو، تُو خوشی سے دیتا ہے اور تجھے اس بات کا احساس نہیں ہوتا۔ | |
| | شاؔد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟ | .27 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر شاؔد عظیم آبادی نے رُباعی میں دُنیا کے اُتار چڑھاؤ کو بیان کیا ہے اور | |
| 1 | ☆ اُسی کو زمانے کی گردش کا نام دیا ہے۔ انسان دُنیا میں باقی نہیں رہے گا۔ لیکن دُنیا کا یہ نظام قیامت تک یوں ہی چلتا رہے گا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| V. | درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 11 × 3 = 33 | |
| | متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| 28. | ''زیادہ سے زیادہ جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تامل دے دو۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''قول فیصل'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنف 'مولانا ابوالکلام آزاد' ہیں۔ | 1 |
| | ☆ مولانا ابوالکلام آزاد نے کٹہرے میں کھڑے ہو کر جج کے سامنے اٹلی کے قتیل صداقت گارڈ ینو برونو کا کہا ہوا جملہ بیان کیا۔ | 1 |
| 29. | ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ افسانہ ''درشٹی'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنفہ ''زہرہ جمال'' ہیں۔ | 1 |
| | ☆ ودیا چرن کی تقریر سنتے ہوئے مجمع میں بیٹھی اندومتی یہ جملہ سوچ رہی تھی۔ | 1 |
| 30. | ''آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس کے مصنف 'پطرس بخاری' ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ مصنف نے اپنے پڑوسی لالہ کرپا شنکر جی برہمچاری سے برسبیل تذکرہ کہا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| | سید سلیمان ندوی | .31 |
| | جواب : | |
| | ☆ نام — سید سلیمان ندوی | |
| | ☆ حیات — ولادت : 1884ء دسنہ۔ | |
| 1 | وفات : 1953ء پاکستان | |
| 1 | ☆ قابلیت — جید عالم، مورخ اور محقق و نقاد | |
| | ☆ تصانیف — ارض القرآن، رحمتِ عالم، حیاتِ شبلی، خطباتِ مدراس، نقوش سلیمانی، | |
| 1 | سیرتِ عائشہؓ۔ | |
| | **درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے:** | |
| | میر انیسؔ | .32 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نام — میر ببر علی قلمی نام میر انیسؔ | |
| | ☆ حیات — ولادت : 1802ء فیض آباد۔ | |
| 1 | وفات : 1874ء | |
| | ☆ قابلیت — فارسی، عربی اور دینی علوم میں ماہر۔ اس کے علاوہ علم نجوم، رمل اور | |
| 1 | فن سپہ گری میں مہارت حاصل تھی۔ | |
| | انیسؔ مرثیہ کے عظیم شاعر مانے جاتے ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | آغوش میں ساحل کے، کیا لطفِ سکوں اس کو | .33 |
| | یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''اصغؔر گونڈوی'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہہ رہے ہیں کہ یہ عقل کے بس کی بات نہیں یہ عشق کا کمال ہے۔ | |
| 1 | ☆ جس نے قطرہ میں سمندر اور ذرّہ میں بیاباں دکھلایا ہے۔ | |
| | یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو | .34 |
| | کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''علامہ اقبالؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں اے اللہ جنّت ان لوگوں کو دیدے، جو تیری عبادت کر کے جنّت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ میں تیرا سچا عاشق ہوں، تیرا دیدار ہی میرے لئے جنّت ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | سب کا تو مداوا کرڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے | .35 |
| | سب کےتو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''اسرارالحق مجاز'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں ہم نے دوسروں کا علاج تو کردیا۔ اپنا علاج کر نہ سکے۔ | |
| 1 | ☆ سب کے پھٹے گریباں تو سی ڈالے۔ اپنا ہی گریباں سی نہ سکے۔ | |
| | **درجِ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کرو :** | |
| | (i) خطا | .36 |
| | (ii) صورت | |
| | (iii) خبر | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) خطا : اگر کوئی خطا کرے تو معاف کرو۔ | |
| 1 | (ii) صورت : ہر انسان اپنی صورت آئینے میں ضرور دیکھتا ہے۔ | |
| 1 | (iii) خبر : میرا دوست ہمیشہ اچھی خبر لاتا ہے۔ | |
| | (مناسب جملے لکھنے پر نمبرات دیئے جائیں) | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مفرد جملہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ | .37 |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ مفرد جملہ وہ جملہ ہے، جو ایک ہی مسند اور مسند الیہ سے بنا ہو۔ | |
| | ☆ مثلاً : رات گذاری | |
| 1 | منادی ہوئی | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف بیان کرتے ہوئے مثال لکھئے۔ | .38 |
| | یا | |
| | صنعتِ استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دہرایا جاتا ہے اُسے صنعتِ تکرار یا صنعتِ تکریر کہتے ہیں۔ | |
| | ☆ مثلاً : اصغؔر سے ملے، لیکن اصغؔر کو نہیں دیکھا | |
| 1 | اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے | |
| | (نوٹ : صنعتِ تکرار سے کوئی بھی شعر کی مثال لکھے تو نمبرات دیئے جائیں) | |
| | یا | |
| | جواب : | |
| | ☆ ایسا شعر جس میں کسی لفظ کے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مراد لئے جائیں لیکن | |
| 2 | حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہہ کا ہو تو اس کو صنعتِ استعارہ کہتے ہیں۔ | |
| | ☆ مثلاً : کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہل محفل | |
| 1 | چراغ سحر ہوں، بجھا چاہتا ہوں | |
| | (نوٹ : صنعتِ استعارہ سے کوئی بھی شعر کی مثال لکھے تو نمبرات دیئے جائیں) | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| **VI.** | **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے :** **5 × 4 = 20** | |
| 39. | اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' یا 'نعت' کے ابتدائی چار اشعار لکھیے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد :۔ | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | 1 |
| | کسی بھی در سے اُجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | 1 |
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | 1 |
| | رضا تری ہے، غفور الرّحیم بھی تو ہے | |
| | غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | 1 |
| | **یا** | |
| | **نعت :۔** | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے ، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| | سینوں میں عداوت جاگ اُٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی اُمیدیں برآئیں | |
| 1 | اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چَرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | |
| | کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : | |
| | (i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال | .40 |
| | جواب : | |
| | (i) جگنو | |
| | ☆ جگنو نظم فراقؔ گورکھپوری کی تاثراتی نظم ہے یہ نظم ماں کی یاد میں لکھی گئی ہے | |
| 1 | اس نظم میں ایک یتیم بچے کا درد سمایا ہوا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کی عمر بیس سال تھی جب اُنہوں نے یہ نظم لکھی۔ | |
| | ☆ شاعر کے پیدا ہوتے ہی ماں کا انتقال ہو گیا اور دونوں ایک دوسرے کو نہ دیکھ | |
| 1 | سکے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ شاعر کو کھلائیوں اور دائیوں نے پالا تھا۔ | 1 |
| | ☆ جب بھی برسات کی آمد ہوتی ہر طرف جگنو دکھائی دیتے تو دائیاں اور کھلائیاں کہتی تھیں کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتی ہیں۔ | |
| | ☆ میرے دل میں یہ خواہش ہوتی تھی کہ کاش میں ایک جگنو ہوتا اور اپنی ماں کی بھٹکی ہوئی روح کو راستہ دکھا کر گھر لاتا۔ | |
| | ☆ آج بھی وہ برساتیں آتی ہیں جگنو اُڑتے ہیں مگر یہ حقیقت جان چکا ہوں کہ جگنو کسی بھٹکی روح کو راستہ نہیں دکھاتے۔ | |
| | ☆ یہ ایک حسین جھوٹ تھا جو عمر کے تقاضے نے مجھ سے چھین لیا۔ | |
| | (کوئی چار نکات لکھنے پر پورے مارکس دیئے جائیں) | |
| | یا | |
| | (ii) **سرحدوں کا جال** | |
| | ☆ یہ نظم سلیمان خمآر کی لکھی ہوئی آزاد نظم ہے۔ | 1 |
| | ☆ جس میں نہایت سہل انداز میں عالمی مسئلہ کو بیان کیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ جب دُنیا کی وجود ہوا تو اللہ تعالٰی نے زمین پر کوئی حدود یا سرحدیں نہیں تھیں۔ | 1 |
| | ☆ انسان نے اپنے مفاد اور ترقی کے نام پر دُنیا کو سرحدوں میں تقسیم کر دیا۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
| --- | --- | --- |
| | ☆ جس سے انسان کی تمام آزادیاں جو زمین پر کہیں بھی آنے، جانے کے لئے تھیں وہ ختم ہوگئیں۔ | |
| | ☆ آسانی سے بغیر کسی رکاوٹ کے وہ ایک ملک سے دوسرے ملک کو جا نہیں سکتا۔ | |
| | ☆ انسان بنائے ہوئے اس جال میں خود پھنس کر رہ گیا ہے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر پورے مارکس دئے جائیں ) | |
| .41 | بحث کیجئے – ''پنڈت جواہر لال نہرو اُردو کے سچّے دوست تھے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ پنڈت جواہر لال نہرو کو اُردو سے دلی لگاؤ تھا۔ | 1 |
| | ☆ اُردو، نہرو جی کی والدہ، اہلیہ، دادی اور نانی کی مادری زبان تھی اور انہوں نے خود مولانا آزاد سے اُردو کا درس لیا تھا۔ | 1 |
| | ☆ پنڈت نہرو کی اُردو دوستی کا یہ نا قابل فراموش واقعہ ہماری نسل تک پہنچنا ضروری ہے کہ | 1 |
| | ☆ جب آئین ساز اسمبلی قومی زبانوں کا مسئلہ پیش آیا تو نہرو نے جو فہرست پیش کی ان میں اُردو بھی تھی۔ | 1 |
| | ☆ اس پر کانگریس سیٹھ نے چلّا کر پوچھا ''اُردو بھلا کس کی مادری زبان ہوسکتی ہے۔'' | |
| | ☆ پنڈت نہرو نے اسی جھلاہٹ میں چیخ کر جواب دیا ''اُردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔'' | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ اُردو کے فروغ کے لئے ہمیشہ انہوں نے مخلصانہ کوششیں کیں۔ | |
| | ☆ وہ ادیبوں اور شاعروں سے بہت قریب تھے۔ | |
| | ☆ خاص طور پر اُردو شاعروں اور ادیبوں کی بہت عزّت کیا کرتے تھے۔ | |
| | ☆ یہ تھے اُردو دوست، ہندوستان کے اولین وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو جن کا جواب ملنا بہت مشکل ہے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر پورے مارکس دئے جائیں ) | |
| .42 | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ | |
| | **یا** | |
| | ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ | 1 |
| | ☆ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتے تھے۔ خواجہ عزالدین نے آپ کی شاعری سُن کر آپ کو سلطانی تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ | |
| | ☆ علاء الدین خلجی کے زمانے میں شاعری کی ترقی ہوئی اور آپ بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے۔ | 1 |
| | ☆ مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی نہہ سپہر' لکھی۔ | 1 |
| | ☆ آپ فن موسیقی کے ماہر تھے۔ آپ مختلف سُروں کے موجد کہلائے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ قوالی کی موجودہ طرز آپ ہی کی ایجاد ہے۔ | |
| | ☆ آلہ موسیقی ستار کی ایجاد آپ نے کی۔ | |
| | ☆ مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر ''نائک'' کا مرتبہ حاصل کیا۔ | |
| | ☆ آپ فارسی اور ہندی آمیز اشعار پہیلیوں معمول اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات لکھنے پر پورے مارکس دئے جائیں ) | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ بھارت ایک ماں ہے۔ اے ہندوؤ، مسلمانو، سکّھو، عیسائیو، پارسیو اور دوسرے دھرموں کے پالن کرنے والو ! آج یہ ماں اتنے بڑے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی سچا مارگ درشک نہیں رہا۔ | |
| 1 | ☆ بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں اور ہمارے جوان بچے روٹی روزی کو ترس رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ ہمارے گھر جن کے آنگنوں میں ہمارے بالک دودھ مانگ رہے ہیں، ماں سے روٹی مانگ رہے ہیں، کپڑا صابن مانگ رہے ہیں، ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ کھینچ کر کہہ رہے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ اس کال سے دوسرے کال میں پرویش کرنا سکھاتی ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ جو مرچ مسالہ چار آنے سیر ملتا تھا، پچاس، سو اور ڈیڑھ سو روپئے کلو ہو گیا ہے۔ اگر ہم پراچین کال کے کھنڈروں میں جا کر سنیاس لے لیں تو بازار میں جرمن کی طرح ایک کلو آلو بھی لاکھوں کے ملیں گے۔<br>(کوئی چار نکات لکھنے پر پورے مارکس دئے جائیں) | |
| | **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | .43 |
| | سلطان محمود بہت نیک بادشاہ تھا۔ اس کے کئی نوکر تھے۔ ایک نوکر کا نام ایاز تھا۔ سب نوکر اس بات سے جلتے تھے کہ ایاز کو بادشاہ بہت چاہتے تھے۔ ایک دن نوکروں نے سلطان سے کہا ''باشاہ سلامت ایاز جس چارپائی پر سوتا ہے اُس کے نیچے ایک صندوق ہے جسے روزانہ ایاز کھول کر دیکھتا ہے۔'' بادشاہ نے ایاز کو صندوق کے متعلق پوچھا تو ایاز نے صندوق منگوا کر بادشاہ کے ہاتھ میں کنجی دی۔ بادشاہ نے خود اپنے ہاتھوں سے صندوق کھول کر دیکھا تو اس میں پھٹی پُرانی چیزیں تھیں۔<br>سلطان نے پوچھا، ''ایاز یہ کیا ہے ؟'' ایاز نے جواب دیا ''یہ میری پرانی زندگی کی یادیں ہیں جسے میں روزانہ تازہ کرتا ہوں تا کہ تکبّر سے دور رہوں اور خدا کا شکر کروں۔'' بادشاہ خوش ہو کر ایاز کو انعامات سے نوازتا ہے۔<br>سوالات :<br>(i) نوکروں نے سلطان سے کیا کہا ؟<br>(ii) ایاز نے سلطان محمود کو کیا جواب دیا ؟ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | (i) ایک دن نوکروں نے سلطان سے کہا،" بادشاہ سلامت ایاز جس چار پائی پر سوتا ہے | |
| 2 | اُس کے نیچے ایک صندوق ہے جسے روزانہ وہ کھول کر دیکھتا ہے۔" | |
| | (ii) ایاز نے جواب دیا" یہ میری پرانی زندگی کی یادیں ہیں جسے میں روزانہ تازہ کرتا ہوں | |
| 2 | کہ تکبّر سے دور رہوں اور خدا کا شکر کروں۔" | |
| | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | **VII.** |
| | **1 × 5 = 5** | |
| | اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھو جس میں اپنے بھائی / بہن کی شادی کے موقعہ پر دو دن کی چُھٹّی کے لئے درخواست کی گئی ہو۔ | 44. |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون ( دو دن کی چھٹّی کے لئے درخواست ) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | یا | |
| | اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھو جس میں امتحانات کی تیاری کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا موضوع (امتحانات کی تیاری) | |
| 1 | iv) اختتام | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5 | VIII. |
| | (i) جہیز ایک لعنت | 45. |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) جہیز کا لین دین | |
| 1 | (ii) جہیز سے ہونے والے اثرات | |
| 1 | (iii) جہیز کے متعلق قانون | |
| 1 | خاتمہ/اختتام – اعادہ/اپنی رائے کا اظہار | |
| | یا | |
| | (ii) چندرایان سوم | |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) چندرایان سوم کا آغاز | |
| 1 | (ii) چندرایان سوم کی کامیابی | |
| 1 | (iii) ملک کی سائنسی ترقی پر اثرات | |
| 1 | خاتمہ/اختتام – اعادہ/اپنی رائے کا اظہار | |